41901 ـ رمضان کے روزوں کی قضاء کے ہوتے ہوئے نفلی روزہ رکھنا

سوال

ماہواری کی بنا پر میں نے کچھ روزے نہیں رکھے، اور میں نے ابھی تك قضاء کے روزے نہیں رکھی، کیا میں عشرہ ذوالحجہ کے روزے رکھ سکتی ہوں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

یہ مسئلہ اہل علم کے ہاں رمضان المبارك کی قضاء کے روزوں سے قبل نفلی روزے رکھنا کہلاتا ہے، اور اس میں علماء کرام کا اختلاف پایا جاتا ہے.

کچھ علماء کرام تو رمضان المبارك کی قضاء کے روزے رکھنے سے قبل نفلی روزے رکھنا حرام قرار دیتے ہیں، کیونکہ فرض کی ابتداء کرنا نفلی سے زیادہ ضروری ہے، لیکن بعض علماء کرام نے اس کی اجازت دی ہے.

فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح العثیمین رحمہ اللہ سے درج ذیل سوال کیا گیا:

جب واجب کی قضاء اور مستحب جمع ہو جائیں تو کیا انسان کے لیے جائز ہے کہ وہ واجب کی قضاء سے قبل مستحب عمل شروع کر دے، اور واجب کی قضاء بعد میں ادا کرے، یا کہ اسے واجب کی قضاء پہلے ادا کرنا ہوگی، مثلا یوم عاشوراء کا روزہ اس کی قضاء رمضان کے دوران آ گیا ؟

شیخ رحمہ اللہ کا جواب تھا:

" فرضی اور نفلی روزوں کے متعلق مشروع اور معقول یہی ہے کہ بلاشك نفلی سے پہلے فرضی شروع کیے جائیں؛ کیونکہ فرضی تو اس کے ذمہ قرض ہیں، اور نفلی تطوع ہیں اگر میسر ہو تو ٹھیك وگرنہ کوئی حرج نہیں.

اس بنا پر جس کے ذمہ رمضان المبارك کے روزوں کی قضاء ہوں اسے یہ کہا جائیگا کہ: نفلی روزے رکھنے سے قبل پہلے رمضان المبارك کے فرضی روزوں کی قضاء کرو.

اور اگر وہ اپنے ذمہ قضاء کرنے سے قبل نفلی روزے رکھتا ہے اور قضاء کے لیے وقعت میں وسعت پائی جاتی ہے تو اس کے نفلی روزے صحیح ہونگے، کیونکہ رمضان المبارك کی قضاء کا وقت رمضان سے رمضان تك ہے، اس

کے دوران قضاء کے روزے مکمل کرنا ہونگے.

اس لیے جب وقت میں وسعت پائی جاتی ہے تو نفل جائز ہیں مثلا فرضی نماز جب کوئی شخص فرضی نماز سے قبل نفل ادا کرے اور وقت باقی ہو تو جائز ہے.

اس لیے جس کے ذمہ رمضان المبارک کے روزوں کی قضاء ہو اور وہ یوم عرفہ یا یوم عاشوراء کے روزے رکھے تو اس کا روزہ صحیح ہے، لیکن اگر وہ ان ایام میں رمضان المبارک کے قضاء کے روزے رکھے تو اسے دونوں اجر حاصل ہونگے، ایك تو یوم عرفہ کے روزہ کا اور یوم عاشوراء کے روزہ کا اور دوسرا قضاء رمضان المبارک کا.

یہ تو مطلقا نفلی روزے کے متعلق ہے جو رمضان المبارک کے ساتھ مربوط نہیں، لیکن شوال کے چھ روزے رمضان المبارک کے روزوں کے ساتھ مربوط ہیں، اور یہ رمضان المبارک کی قضاء کے بعد ہی رکھے جا سکتے ہیں.

اس لیے اگر کسی نے قضاء رمضان سے قبل شوال کے روزے رکھ لیے تو اسے وہ اجروثواب حاصل نہیں ہوگا؛ کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" جس نے رمضان المبارک کے روزے رکھے اور پھر اس کے بعد شوال کے چھ روزے رکھے تو گویا کہ اس نے سارے سال کے روزے رکھے "

یہ معلوم ہے کہ جس کے ذمہ رمضان المبارک کے روزوں کی قضاء ہو وہ اس وقت تك رمضان کے روزے رکھنے والا شمار نہیں ہوگا جب تك رمضان کے روزے مکمل نہیں کر سکتا، لوگ اس مسئلہ میں یہ گمان کرتے ہیں کہ اگر اسے شوال نکلنے کا خدشہ ہو اور اس کے روزے باقی ہوں تو وہ شوال کے چھ روزے رکھ لیتا ہے اور قضاء کے چھوڑ دیتا ہے تو یہ غلط ہے.

کیونکہ یہ چھ روزے تو اس وقت رکھے جائیں گے جب رمضان المبارک کے روزے انسان مکمل کر لے "

دیکھیں: فتاوی ابن عثیمین (20 / 438).

اس بنا پر آپ کے لیے جائز ہے کہ آپ عشرہ ذوالحجہ کے روزے رکھ لیں کہ یہ نفلی ہوں، لیکن افضل و بہتر یہ ہے کہ آپ یہ روزے رمضان المبارک کی قضاء کے روزوں کی نیت سے رکھیں تو ان شاء اللہ آپ کود ونوں اجر حاصل ہونگے.

مزید آپ سوال نمبر (23429) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں.

واللہ اعلم .